صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 21 فروری 2018ء بمطابق 04 جمادی الثانی 1439 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

أَلۡهَىٰكُمُ ٱلتَّكَاثُرُ ○ حَتَّىٰ زُرۡتُمُ ٱلۡمَقَابِرَ ○ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُونَ ○ ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُونَ ○ كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُونَ عِلۡمَ ٱلۡيَقِينِ ○ لَتَرَوُنَّ ٱلۡجَحِيمَ ○ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيۡنَ ٱلۡيَقِينِ ○ ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ يَوۡمَئِذٍ عَنِ ٱلنَّعِيمِ۔

(ترجمہ): (لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا۔ یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں۔ دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ پھر دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ دیکھو اگر تم جانتے (یعنی) علم الیقین (رکھتے تو غفلت نہ کرتے)۔ تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے۔ پھر اس کو (ایسا) دیکھو گے (کہ) عین الیقین (آ جائے گا)۔ پھر اس روز تم سے (شکر) نعمت کے بارے میں پرسش ہو گی۔ **صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیم۔**

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِی صَدْرِی ۙوَیَسِّرْ لِیٓ اَمْرِی ۙوَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِی یَفْقَھُوْا قَوْلِی۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Madam Deputy Speaker: We start with the Questions/Answers session. First Question, Meraj Bibi, Question No. 5721, Meraj Bibi.

* 5721 _ محترمہ معراج ہمایون خان: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ صحیح ہے کہ صوبہ میں صرف دوپوسٹ گریجویٹ کالجز برائے زنانہ موجود ہیں؛

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) وہ کہاں پر واقع ہیں؛

(ii)کس پالیسی کے تحت نئے پوسٹ گریجویٹ کالجز کھلتے ہیں؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی نہیں، صوبہ میں صرف دو پوسٹ گریجویٹ کالجز برائے زنانہ نہیں بلکہ چھ پوسٹ گریجویٹ کالجز برائے زنانہ کام کر رہے ہیں۔آج کل صوبہ میں 83 گرلز کالجز کے علاوہ 10 ایف ای ایف کالجز برائے زنانہ کی شمولیت بحیثیت گورنمنٹ کالجز کی ہوئی ہے۔

(ب) (i) پوسٹ گریجویٹ کالجز برائے زنانہ مختلف اضلاع میں کام کر رہے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوہاٹ۔

(2) گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج بنوں۔

(3) گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج سیدو شریف سوات۔

(4) گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج مردان۔

(5) گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر ایک ایبٹ آباد۔

(6) گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج ہری پور۔

(ii) مزید پوسٹ گریجویٹ کالجز کی تعداد بڑھانے کی بجائے اب بی ایس چار سالہ پروگرام متعارف کرایا گیا ہے۔بی ایس چار سالہ پروگرام درج ذیل Criteria کے مطابق پرنسپل کی طلب پر ضرورت کے مطابق اس کا عمل دخل موجود ہے:

(1) ٹیچنگ سٹاف کالج میں ضرورت کے عین مطابق موجود ہونا۔

(2) کلاس رومز کا کافی تعداد میں موجود ہونا۔

(3) لیبارٹری بمعہ ضروری سامان اور لائبریری کا کالج میں موجود ہونا۔

(4) ہر مضمون میں کم از کم 20 طلباء و طالبات کا داخلہ لینا اور موجود ہونا۔

محترمہ معراج ہمایون خان: مائیک جی، مائیک۔ سوری سر! یو منٹ۔ میډم! دا دغه باندې دی نو It is very difficult to read او دا ځل دا اردو هم دا بل دغه کښې کړې ده نو It is very difficult for me to read. This is a Question from the Higher Education Minister and the Question says چې "کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ اس صوبہ میں صرف دو پوسٹ گریجویٹ کالجز برائے زنانہ موجود ہیں؟ جواب کښې هغوی راته وائی چې نه دوه نه دی چه دی اور دوسرے کوئسچن میں میں نے پوچھا ہے کہ هغه کوم کوم ځائې کښې Located دی؟ تو وہ بھی Answer ٹھیک دے دیا ہے جو Located ہیں۔ Next Question was this کہ آپ کا Criteria کیا ہے پوسٹ گریجویٹ کالجز کھولنے کا؟ تو اس میں وہ لمبا جواب دیا ہے کہ اب پوسٹ گریجویٹ کالجز ہم نہیں کھول رہے ہیں، ہم نے سسٹم تبدیل کر لیا ہے اور بی ایس ہم نے شروع کر دیا ہے، Four years BS system شروع کر لیا ہے اور اس کا پھر Criteria دیا ہے۔ میڈم! یہاں میرا کوئسچن ہے کہ انہوں نے کیوں یہ بی ایس کر لیا ہے، Four years کا کر لیا ہے اور Criteria جو دیا ہوا ہے کہ یہ موجود ہو، یہ موجود ہو، وہ موجود ہو، وہ موجود ہے، اس کا کیا مطلب ہے، مجھے سمجھ نہیں آئی، کیوں یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر کالج میں موجود ہونا چاہیئے؟ مطلب بہت سارے کالجز میں یہ نہیں ہیں مطلب یہ ہے اور پھر Ratio کا بھی ہمارا مسئلہ آ رہا ہے کہ ہمارے پاس Educated خواتین نہیں ہیں، پرائمری پر تو ہم نے بہت زیادہ زور دیا ہوا ہے، پرائمری کو ہم Increase کر رہے ہیں، سکولز کو بھی اور وہ۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے جی، معراج بی بی! کوئسچن ہو گیا۔ جی، مشتاق صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو، میڈم سپیکر۔ جو کوئسچن تھا، اس کا بڑا کلیئر جواب آ گیا کہ کتنے پوسٹ گریجویٹ کالجز ہیں اور بتا دیا ہم نے کہ چھ ہیں لیکن اصل میں یہ چھ نہیں ہیں، ابھی جو بی ایس پروگرام شروع کر دیا گیا ہے Equivalent to master degree، وہ کوئی 36 کالجز میں، فیمیل

کالجز کی میں بات کررہاہوں، ان میں اس سال سے ہم نے سٹارٹ کردیاہواہے اور اگلے سال یہ 100% پر چلا جائے گا، ہمارا پروگرام یہ ہے اور اس میں وزیراعلیٰ کی اپنی بڑی خصوصی دلچسپی ہے۔ چونکہ ابھی وہ بی اے اور ایم اے کا دور ختم ہوگیا میڈم سپیکر! Internationally جو Degree recognized ہے، وہ BS four years program کی ہے، تو اسی لئے یونیورسٹیوں میں بھی اور ہمارے جو کالجز ہیں، ان میں بھی ہم بی اے اور ایم اے کو Gradually ختم کر رہے ہیں، اس کی جگہ BS four years program جو ہے Introduce کر رہے ہیں اور اس کا ہم نے Bridging system بھی ساتھ کردیا ہے کہ کوئی باہر سے بی اے کر کے آتا ہے تو وہ 5th semester میں اس کو Entrance مل سکے گی Four years پورے کرنے کیلئے یا After two years وہ Discontinue کرنا چاہتا ہے تو اس کو BA کی ایسوسی ایٹ ڈگری بھی مل سکے گی۔ اب سب 100% ہم نے کیوں نہیں کیا؟ چونکہ اس کیلئے بہت زیادہ Load of work پڑتا ہے، یہ سمسٹرز ہیں، یہ ایک ایک کلاس کے چھ چھ سمسٹرز آٹھ آٹھ چل رہے ہوتے ہیں تو Different اس کیلئے سٹاف Naturally زیادہ چاہیئے ہوتا ہے جس کیلئے ہم ریکروٹمنٹ کے پراسیس سے گزر رہے ہیں اور پبلک سروس کمیشن کو ریکوزیشن گئی ہوئی ہے، وہ ہر مہینے ہمیں لوگ انٹرویو کر کے بھیج رہا ہے اور اسی لئے ہم نے جو ایڈہاک لیکچررز تھے ٹیچنگ اسسٹنٹس، ہم نے ان کو بھی ریگولرائز کیا ہے تاکہ یہ Deficiency پوری ہو تاکہ ہم 100% پر جاسکیں۔ جیسے میں نے عرض کیا کہ ایک ہی کمرے میں آپ بی اے چلا سکتے ہیں But BS کیلئے آپ کو کمرے اسی ایک بیچ کیلئے آٹھ کمرے چاہیئے تاکہ ہر سمسٹر اپنے اپنے کمرے میں سٹڈی کر سکے۔ اس کیلئے ہم خطیر رقم خرچ کر رہے ہیں، کالجز کو ہم نے فنڈنگ بھی کی ہے، بی ایس بلاکس الگ بنا رہے ہیں کالجز کے اندر، کافی میں بن چکے ہیں، کافی میں Under construction ہیں، تو جو ہماری اس سال کی Capacity تھی، اس کے مطابق ہم نے کوئی 100 کالجز بی ایس پر شفٹ کئے ہیں جن میں 32 فیمیل ہیں اور 68 میل کالجز ہیں اور ان شاء اللہ اگلے سال جون کے بعد اس پر 100% ہماری Working complete ہے، ہم 100% پر چلے جائیں گے Which will be a record in the history of Pakistan کہ ابھی تک ایچ ای سی نے یہ کہا تھا کہ 2018 تک یہ جو Conventional system ہے بی اے ایم اے، یہ ختم ہو جانا چاہیئے پورے ملک میں اور چونکہ ان کی آگے Value ہی نہیں رہے گی، Value ہو گی بی ایس کی، تو یہ پہلا صوبہ ہو گا کہ اب پنجاب میں جیسے انہوں نے شروع کیا کوئی آٹھ دس کالجز میں میری اطلاع کے مطابق، وہ بھی Discontinue کر دیا

کہ یہ خاصا مشکل ہے، اس میں Research involve ہوتی ہے، اس میں اور بہت سی چیزیں اور جو فیکلٹی ہے، اس کا معیار بھی بڑا اہائی ہوتا ہے Like Universities، اور پھر وہ چونکہ خود ہی ریزلٹ بھی دیتے ہیں تو اس کو ایک قسم کی منی یونیورسٹی آپ کہہ سکتے ہیں ان کالجز کو، تو اس میں ان شاء اللہ اگلے سال کے اختتام پر جو باقی 120 کالجز رہ جائیں گے، وہ بھی بی ایس کے اوپر ہم شفٹ کریں گے اور اس میں ڈیپارٹمنٹ پوری طرح کام کر رہا ہے، کوئی کالج ایسا نہیں ہوگا صوبے کے اندر جس میں بی ایس نہ ہو، یعنی یہ ان کالجز کو آپ پوسٹ گریجویٹ کالجز کہہ سکیں گے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. I think Meraj Bibi! The answer is quite explanatory, so I will go to the next Question, if you don't mind. Question No-----

جناب بخت بیدار: میڈم سپیکر! ایک منٹ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سپلیمنٹری، پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے؟

جناب بخت بیدار: سپلیمنٹری۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سپلیمنٹری ہے، اوکے۔ جی، بخت بیدار صاحب!

جناب بخت بیدار: ډیره مهربانی۔ زه لږ ستاسو په تهرو باندې د منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چې ایف ای ایف سټاف چې دوئ مدغم کړے دے په هائر ایجوکیشن کښې، د هغې څه صورتحال دے؟ د هغوی خو څه سروس رولز نوره طریقه کار چې څنګه پکار وی نو هغه شان تر اوسه پورې هیڅ ایډجسټمنټ نه دے شوے، د هغې لږ وضاحت پکار دے چې هغوی سره به څه کیږی؟ نه د هغوی د پنشن پته لګی چې څوک ریټائر کیږی، د هغوی پته نه لګی چې هغه به څه طریقه کار وی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم سپیکر! یہ ایف ای ایف کالجز کی جو بات کر رہے ہیں، یہ اصولاً ایف ای ایف کا مینڈیٹ نہیں تھا، انہوں نے کالجز کھولے To earn the money اور ان کا کام اصل میں پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو Loan دینا، بڑے Soft loans ہیں اور اس کیلئے ایک ایکٹ کے تحت وجود میں آئے تھے۔ اب ان کے پاس جو Endowment fund تھا، اس کو انہوں نے ایسے پراجیکٹس میں انویسٹ کرنا تھا جس سے کہ ان کی Income بڑھ سکے۔ یہ پچھلی حکومتوں میں گرلز کالجز قائم کر دیئے گئے کوئی 16 کے قریب پورے صوبے کے اندر تاکہ ان کی فیسوں سے جیسے پرائیویٹ ادارے Earning کرتے ہیں

لیکن وہ ہوا نہیں ہے۔ چونکہ ان کے مقابلے میں جو ہمارے گورنمنٹ کالجز تھے، اب وہاں پر بی ایس کا سمسٹر کے پیسے لیتے ہیں پانچ ہزار جبکہ یہ لیتے ہیں پندرہ ہزار، تب ان کا وہ کرتا تھا تو سارے Badly flop ہو گئے، وہ ریگولرائز بھی ہو گئے تھرو سپریم کورٹ، اب وہ ایک بہت بڑا بوجھ بن گیا تھا ایف ای ایف کے اوپر اور پھر ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ کالجز جو ہیں ایف ای ایف کے، ان کو ہم Own کر لیتے ہیں ہائر ایجوکیشن کے اندر اور اس سٹاف کو بھی اس میں ہم لے لیں گے ان سے، تو وہ کالجز جو ہیں ہم نے لے لئے، اب ان میں تعداد بھی بڑھ گئی، چونکہ وہ فیس پانچ ہزار روپے پر آ گئی ہے پندرہ سے ہٹ کر، بچیوں کی مزید Facilities بڑھ گئیں جن شہروں میں یہ کالجز تھے اور جو ان کا سٹاف تھا، اس میں جو لیکچررز تھیں، ان کو ہائر ایجوکیشن میں ڈیپوٹیشن کے اوپر لے لیا گیا For three years، اب اس کے اوپر ڈیپارٹمنٹ کام کر رہا ہے کیونکہ اس میں ان کی سنیارٹی کے ایشوز آ رہے ہیں، جو پہلے سٹاف ہے، یہ سنیارٹی مانگ رہے ہیں اپنے ایف ای ایف کے حساب سے لیکن ہائر ایجوکیشن میں جو سٹاف Already کام کر رہا ہے، ان کی جو سنیارٹی ہے، وہ بھی ڈسٹرب ہو رہی ہے، تو گو کہ Ultimately ہم نے ان کو Absorb کرنا ہے اور میں نے کوئی ایک ہفتہ پہلے اپنے ڈیپارٹمنٹ کو یہ انسٹرکشنز دی ہیں کہ جو بھی کرنا ہے Within a month اس کو آپ ہمارے سامنے کوئی رپورٹ لے کر آئیں تاکہ ہم اس کو ڈسکس کر سکیں، تو ہم ان کو ان شاء اللہ Absorb کریں گے ہائر ایجوکیشن میں As soon as possible، جو تین سال کی ڈیپوٹیشن ان کی ہے لیکن ہم تین سال Wait نہیں کریں گے، Within next اسی Month کے اندر وہ کر لیں گے باقی ان کے جو کلاس فور، سپورٹنگ سٹاف تھا، وہ بھی ہم نے ایڈجسٹ کر لیا ہے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you ji. Next Question, Maulana Mufti Fazal Ghafoor Sahib! Your Question number is 5723.

مولانا مفتی فضل غفور: سوال نمبر 5723۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 5723 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ قیام پاکستان کے بعد مختلف ادوار میں اعلیٰ تعلیم کے ادارے خیبر پختونخوا میں قائم کئے گئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہی یونیورسٹیاں ملکی اور عالمی یونیورسٹیوں میں معیاری تعلیم کی فراہمی میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو 1947 سے 2002 تک کتنی یونیورسٹیاں خیبر پختونخوا میں قائم کی گئیں، نیز 2002 سے 2008، 2008 سے 2013 اور 2013 سے 2016 تک کتنی نئی یونیورسٹیاں ملکی اور عالمی Ranking میں کس نمبر سے تعلیمی معیار کی حامل ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 2002 میں معرض وجود میں آنے کے بعد اب تک پانچ بار Ranking جاری کی ہے جس میں سال 2006، 2012، 2013، 2015 اور سال 2016 شامل ہیں، Ranking کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور:</u> شکریہ میڈم! یہ میں نے جو سوال پوچھا تھا، بنیادی طور پر صرف اسلئے پوچھا تھا کہ ہماری جو ہائر ایجوکیشن ہے، اس کا سٹینڈرڈ، اس کی کوالٹی کس طرف جا رہی ہے یا نیچے گر رہی ہے؟ تو مجھے جو جواب دیا گیا ہے، اس کے مطابق ہماری جو پشاور یونیورسٹی ہے میڈم! 2014 میں جو Ranking جاری ہوئی تھی، وہ پاکستان کی Top ten Universities میں سے چھٹے نمبر پر تھی اور پھر 2017 میں جو اس کی Last ranking جاری ہوئی ہے، اس میں وہ تیرہویں نمبر پر آ گئی، مطلب وہ پاکستان کی Top ten Universities میں بھی نہیں رہی، تو یہ کیوں ہماری تعلیمی جو کوالٹی ہے، وہ کیوں اتنی تیزی سے گر رہی ہے، ایجوکیشن کوالٹی کیوں گر رہی ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں؟

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> منسٹر صاحب!

<u>جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> میڈم سپیکر! بات یہ ہے کہ جب تک کسی ادارے کا لیڈر Competent نہیں ہوگا آپ اس ادارے سے کوئی بہت زیادہ توقعات وابستہ نہیں کر سکتے۔ سارا ایوان جانتا ہے کہ ماضی میں وائس چانسلرز کو اپوائنٹ کرنے کا کیا Criteria تھا؟ میں تو یہ کہتا ہوں کہ بعض لوگوں کو وائس چانسلر بنانے کیلئے ایک نئی یونیورسٹی کسی سکول کے اندر کھول دی گئی۔ یہ ہماری حکومت ہے کہ جس نے ایک Academic Search Committee بنائی Headed by Dr. Professor Atta-ur-Rehman اور جس میں سارے لوگ LUMS کے اور ڈاکٹر عشرت Former Governor State Bank، اس طرح کے لوگ ہیں اور جو لوگ پہلے سے لگے ہوئے تھے، جب ان

کا ٹائم پورا ہوا تو اب جو وائس چانسلرز آ رہے ہیں، وہ Through this Search Committee آ رہے ہیں، They are quite competent people اور ان شاء اللہ اس سے ہمارا یہ معیار بڑھے گا۔ دوسری بات یہ کہ ہم ہائر ایجوکیشن کے اندر ایک کوالٹی ایشورنس سیل قائم کر رہے ہیں جس کی ایڈورٹائزمنٹ جا چکی ہے In the newspapers، یہ ایک Independent Autonomous Cell ہم بنا رہے جو کہ ہائر ایجوکیشن کے اندر کوالٹی کو چیک کرے گا اور Ensure کرے گا کہ کونسی یونیورسٹی کیا کام کر رہی ہے، کیا وہ ٹھیک ڈائریکشن میں جا رہی ہے؟۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

Madam Deputy Speaker: Order in the House, please.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کونسا کالج ٹھیک ڈائریکشن میں جا رہا ہے یا نہیں جا رہا، تو اس کوالٹی۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

Madam Deputy Speaker: Rashad Khan! Please order in the use.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! ہاؤس کو ذرا In order کر لیں، میری آواز۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بات کسی کو سمجھ نہیں آ رہی ہے جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: بہرکیف یہ کوالٹی ایشورنس سیل بھی ہم بنا رہے ہیں جس سے لازماً اچھے اثرات پڑیں گے اور ان شاء اللہ جو ہمارا Focus ہے، وہ کوالٹی کے اوپر ہے۔ یہ جو ہوتا ہے Ranking، اس میں یہ ایچ ای سی کرتی ہے یا وفاقی ادارے کرتے ہیں، اس کیلئے ریسرچ پیپرز کے اوپر Base کیا جاتا ہے، پی ایچ ڈیز کے اوپر، فیکلٹی کس سٹینڈرڈ کی ہے اور ان کے کتنے پیپرز جو ہیں، وہ انٹرنیشنل جرنلز میں پرنٹ ہوئے ہیں، یہ ساری چیزیں ان کا اپنا ایک Criteria ہوتا ہے۔ ہم نے یونیورسٹیوں میں ORIC کے آفسز قائم کئے ہیں، Office of Research Innovation and Commercialization، ہر یونیورسٹی کو ہم نے Bound کیا کہ آپ ریسرچ کریں، اس کیلئے ہم نے 500 ملین کا انڈوومنٹ فنڈ بھی Create کیا کہ انڈوومنٹ فنڈ کا پرافٹ ہم ریسرچ کو دیں In all these Universities, so ان اقدامات سے ان شاء اللہ مجھے امید ہے کہ ہائر ایجوکیشن کے اندر بے پناہ ترقی ہو گی اور جو سٹینڈرڈ ہے یونیورسٹیوں کا، وہ بڑھے گا، سٹینڈرڈ بڑھے گا تو Ranking بھی بڑھ جائے گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، تھینک یو۔ میرے خیال میں مولانا صاحب! جواب تو انہوں نے کافی تفصیل سے دے دیا ہے، جی مولانا صاحب!

مولانا مفتی فضل غفور: جی میڈم! عجیب بات یہ ہے، منسٹر صاحب فرما رہے تھے کہ پہلے جو لوگ تھے، وہ Competent لوگ نہیں ہوا کرتے تھے وائس چانسلرز، جس وقت وائس چانسلرز Competent نہیں ہوا کرتے تھے، اس وقت تو پشاور یونیورسٹی پاکستان کی Top ten Universities میں شامل تھی اور آج جو Competent طریقے سے یہ لوگ لا رہے ہیں وائس چانسلرز کو، آج یہ Top ten Universities میں سے نہیں ہے، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ Who is responsible، کون ذمہ دار ہے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر صاحب!۔۔۔۔

مولانا مفتی فضل غفور: میڈم! میری بات سماعت فرمایئے گا، یہ پورے صوبے کی ایجوکیشن کا سوال ہے، یہ ہمارے Future کا سوال ہے، 2006 میں جو Ranking جاری ہوئی ہے، اس کے مطابق پشاور یونیورسٹی 4th نمبر پہ ہے اور پھر 2017 میں جو Ranking ہوئی ہے، اس میں یہ تیرہویں نمبر پہ آ گئی، کیوں؟ اس کی یہ حکومت ذمہ دار نہیں ہے، اس کی یہ ناقص تعلیمی پالیسیاں ذمہ دار نہیں، کون ذمہ دار ہے، Who is responsible، یہی پوچھنا چاہتا ہوں میڈم سپیکر؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم سپیکر! میں نے پہلے جواب دے دیا کہ ہمارا جو وائس چانسلر، ہم نے جو اپوائنٹ کیا پشاور یونیورسٹی میں، اس کے بمشکل چھ مہینے بھی ابھی نہیں ہوئے اور اس سے پہلے جو تھے، وہ پہلے ہی لاٹ چل رہی تھی اور وہی لوگ اس کے ذمہ دار ہیں جو پہلے اپوائنٹ کئے گئے، کوئی ایسا پراسیس نہیں تھا، مرضی سے لوگ اپوائنٹ کر دیئے جاتے تھے، آج جو ہے مرضی سے نہ وزیر اعلیٰ اپوائنٹ کر سکتے ہیں نہ منسٹر اپوائنٹ کر سکتا ہے۔ میڈم! میں ایک اور چیز ایوان کی توجہ کیلئے بیان کرنا چاہوں گا کہ جو سرچ کمیٹی پہلے ہوتی تھی، ہمارے دور تک بھی تھی جس کو ہم نے چینج کیا، وہ Headed by Higher Education Minister ہوتی تھی اور اس میں کچھ یونیورسٹیوں کے لوگ اور کچھ اس طرح کے لوگ ہوتے تھے۔ اب جب منسٹر چیئر کرے گا سرچ کمیٹی کو تو وزیر اعلیٰ یا کسی کے کہنے، سننے پہ وہ اپنی مرضی ضرور کر سکتا ہے اس کے اندر اور مرضی کے لوگوں کو اپوائنٹ کیا جا سکتا ہے، اپنے Blue eyed کو، ہم نے ایکٹ کے ذریعے اپنا یہ اختیار ختم کر دیا اور ہم نے بالکل باہر سے ایک سرچ کمیٹی بنا دی جس میں وہ لوگ ہیں کہ جو Matter کرتے ہیں ہائر ایجوکیشن کے اندر، جن کے بڑے بڑے نام ہیں، جن کا سوال ہی پیدا

نہیں ہوتا کہ وہ کسی کی سفارش مانیں، یعنی ہمارے ادارے کا ہائر ایجوکیشن کا اپوائنٹمنٹس میں صرف یہ Role ہے کہ ہم صرف Eligibility ایک فارمولے کے تحت چیک کرتے ہیں اور جو Eligible candidates ہیں، ان کے پیپرز سارے فوٹوسٹیٹ کرتے ہیں، جتنے ممبرز ہیں پانچ چھ، ان کو بھیج دیتے ہیں، وہ خود پھر ان کی ایک فارمولے کے تحت Shortlisting کرتے ہیں اور Shortlisting کے بعد وہ ہمارے پاس آجاتے ہیں، ان کو انٹرویو کیلئے ہم کال کرتے ہیں، پھر وہ وہاں سے ہم سلیکٹ کر کے بھیجتے ہیں۔ تو ہمارا تو اتناٹرانسپیرنٹ پراسیس ہے کہ اس میں صوبے کے کسی شخص کی، یہاں تک کہ چیف منسٹر کی بھی کوئی Involvement نہیں ہے اور کسی منسٹر کی کوئی Involvement نہیں ہے، تو ہمارے لوگ تو اب آنا شروع ہوئے ہیں، وہ جو اپوائنٹ ہوئے تھے وہ کچھ تین سال کسی کے رہ گئے تھے، چار سال رہ گئے تھے، اب وہ Almost چلے گئے ہیں اور اب ان شاء اللہ ساری نئی لاٹ ہے، اچھے لوگ ہیں بریڈ فورڈ یونیورسٹی سے بندہ اٹھا کے ہم نے مردان یونیورسٹی میں وائس چانسلر بنایا، میڈم! وہ وہاں بہت اچھی سیلری لے رہا ہوگا، تو ایسے لوگ اب کام کر رہے ہیں اور ابھی آپ مردان یونیورسٹی کو دیکھ لیں اور اس وائس چانسلر کے آنے سے پہلے دیکھ لیں، یہ وہی یونیورسٹی ہے جس میں مشال کا قتل ہوا اور آج دیکھیں کہ وہاں کا بالکل نظام بدل کے رہ گیا ہے، تو لیڈر جب ٹھیک ہوگا، Competent ہوگا اس کی 'اکیڈمشن' ہوگی، اچھا منیجر ہوگا تو یونیورسٹی ساری بہتر انداز میں چلے گی، کلاسز ٹھیک ہوں گے، سٹاف کے اوپر اس کی گرفت ہوگی، Personal liking, disliking وہ نہیں کرے گا۔ جب یہ چیزیں نہیں ہوگی تو یونیورسٹیوں میں تعلیم بھی ہوگی، ریسرچ بھی ہوگی، Innovation بھی ہوگی اور اس کی Ranking بھی بڑھ جائے گی۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو، منسٹر صاحب کا مطلب یہ ہے کہ You will see the result within next few years because ان کی سلیکشن ابھی ہوئی ہے تو You are going to see the result of this within next two three years, thank you ji. Next Question بھی آپ کا ہے۔۔۔۔۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: میڈم! میں اس سوال کے جواب سے Satisfied نہیں ہوں۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Not satisfied, okay ji, he is not satisfied, what do you want then-----

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: میری بات تو سماعت فرمائیے گا؟

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Okay agreed, not satisfied.

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: یہ میرا Right ہے، یہ میرا Right ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ بتائیں نامنسٹر صاحب! وہ نہیں ہیں Satisfied جی، اب کیا کریں؟

مولانا مفتی فضل غفور: یہ میرا Right ہے کہ میں اس صوبے کی ہائر ایجوکیشن پہ بات کروں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی آپ کریں۔

مولانا مفتی فضل غفور: میں اس ہاؤس کا ممبر ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بالکل بولیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: میں صرف یہ گوش گزار کرانا چاہتا ہوں اس ہاؤس کو کہ کیوں ہمارے ریسرچ پیپرز سٹینڈرڈ کے نہیں رہے، اس کا کون ذمہ دار ہے؟ سٹوڈنٹس کا سارا وقت وہ دھرنوں اور احتجاجوں اور سٹرائیکس میں کیوں لگتا ہے؟ ان کیلئے کوئی ٹرانسپورٹیشن کا بندوبست نہیں، ان کیلئے کوئی Accommodation کا بندوبست نہیں، ان کی Fees اتنی بڑھ گئی ہیں کہ جو سمسٹر پندرہ سولہ ہزار میں وہ پڑھ سکتے تھے آج وہی سمسٹر وہ پچاس ساٹھ ہزار میں پڑھتے ہیں۔ ہماری گورنمنٹ سیکٹرز کی یونیورسٹیز ہیں اور پرائیویٹ سیکٹرز کی یونیورسٹیز ہیں، ان دونوں کی Fees ایک جیسی ہونے لگیں، میڈم! کون اس کا ذمہ دار ہے؟ آپ پشاور یونیورسٹی کو دیکھئے، One billion loan میں وہ جارہی ہے، وہ قرض میں جارہی ہے، خسارے میں جارہی ہے، اس کے اوپر اتنے قرضے ہیں تو اس پر کون سوچے گا؟ اگر یہ حکومت نہیں سوچے گی اور صرف اس بات پہ اپنی جان چھڑائی گی کہ جی ہم نے ابھی Competent لوگوں کو وائس چانسلر بنایا ہے اور پہلے جو وائس چانسلرز تھے، وہ Competent لوگ نہیں تھے، جس وقت Competent لوگ نہیں تھے، اس وقت پشاور یونیورسٹی ٹاپ ٹین یونیورسٹیز میں تھی، آج جو Competent لوگ آ گئے ہیں، یہ ٹاپ ٹین یونیورسٹیز میں نہیں ہے، کون اس کا ذمہ دار ہے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! یہ ذمہ دار یونیورسٹیاں ہیں Not the government, these are autonomous، آپ لوگوں نے ان کو اٹانومی دی ہے، اسی ہاؤس نے اٹانومی دی ہے اور دنیا بھر میں یونیورسٹیاں اٹانومس ادارے ہوتی ہیں، ان کی اپنی سینڈیکیٹس ہیں، اپنی سینیٹس ہیں، وہ گورنمنٹ کے احکامات کے تابع نہیں ہوتے ہیں اور گورنمنٹ ان کو کوئی لیٹر بھی نہیں لکھ سکتی Unless کہ ہمارے پاس کوئی ایسا کیس Establish ہو جائے کسی یونیورسٹی میں، تو پھر وہ بھی ہم گورنر کے تھروجے آئی ٹی بنا کے اس کی انکوائری کرتے ہیں۔ تو یہ ایک Separate نظام ہوتا ہے یونیورسٹیوں کا، یہ نہ ہم ان کو فنڈنگ

کرتے ہیں یا کوئی ضرورت Need basis پہ کسی یونیورسٹی کو ہم نے کوئی بلاک تعمیر کرنے کیلئے پیسے دے دیئے یا کوئی پیسے ان کو ایچ ای سی دیتی ہے، ہائرایجوکیشن کمیشن کا Link وہاں پر جڑتا ہے، جتنا ان کا اکیڈمک سٹاف ہے، یہ ساری سیلریز وہاں پہ آتی ہیں۔ ہم نے چونکہ گورنمنٹ کا اس کے اوپر کوئی اس ایکٹ کے تحت اختیار نہیں تھا اور نہ اختیار یونیورسٹیاں دیتی ہیں تو ان کے پاس ایک ہی جواب ہے کہ we are autonomous، ہم نے اس کا Solution میڈم! یہ نکالا کہ ایچ ای سی کے طرز پہ ہم پراونشل ہائر ایجوکیشن کونسل کے نام پہ، وہ بھی ایچ ای سی ہے But ایچ ای سی کو ہم کاپی نہیں کرنا چاہتے، ہم چاہتے ہیں ان کا کام جاری رہے۔ ہم نے پراونشل ایچ ای سی ہائرایجوکیشن کونسل جو ہے جس کا میں نے ذکر پہلے کیا اور جس کیلئے ایڈورٹائزمنٹ نیوزپیپرز میں جاچکی ہے، اس میں لوگ آ جائیں گے، اپوائنٹ ہو جائیں گے تو ایک تھنک ٹینک اس کے ساتھ کام کرے گا اور ان کا کام ہے۔ سیکرٹری ہائرایجوکیشن اور ڈائریکٹر ہائرایجوکیشن کے پاس کوئی ایسا میکنزم نہیں تھا، نہ منسٹر کے پاس جو جا کے دیکھے کہ بھئی اس کلاس میں کام ہو رہا ہے یا فلاں جگہ ٹھیک کام ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا ہے؟ Complaint آئے تو اس کو ہم ایڈجسٹ کرتے ہیں۔ یہ جو ایچ ای سی بنے گی اس کیلئے ہم یہاں پہ آپ کے سامنے لیجسلیشن کریں گے، ان کو کچھ اختیارات دیں گے تاکہ جو صوبائی حکومت یونیورسٹیوں کو کچھ پیسے دیتی ہے تو Through this HEC دیں، HEC will be another autonomous body جو ان کے اوپر کنٹرول بھی کرے گی، ان کا آڈٹ بھی کرے گی، ان کا اکیڈمک آڈٹ بھی ہوگا، ان کا فنانشل آڈٹ بھی ہوگا اور اس سے یہ نظام جو ہے ٹھیک ہوگا اور یہ مفتی صاحب سے میں گزارش کروں گا، میرے آنریبل ممبر ہیں کہ یہ آپ Appreciate کریں کہ اگر ہم بھی پچھلے دور کی طرح چل سو چل چلتے رہتے، یہ یونیورسٹیاں دن بدن بگڑ رہی ہیں، آئس شروع ہو گیا، حشیش شروع ہو گئی ہے، ہم ایک ہفتے کے اندر ایک ایسی بڑی Campaign لیکر آرہے ہیں ہائرایجوکیشن کی تمام یونیورسٹیوں میں، تمام کالجوں میں، تمام روڈوں کے اوپر واک ہو رہی ہوگی، لیکچرز ہو رہے ہوں گے، سیمینار ہو رہے ہوں گے، میڈیا کے اوپر آ رہا ہوگا تاکہ لوگوں کو ہم Educate کریں اپنے سٹوڈنٹس بچوں کو، یہ نشہ آور، اس میں ہم مفتی صاحب کی خدمات بھی لیں گے کہ آئمہ مساجد بھی ہماری مدد کریں تاکہ یونیورسٹیوں سے یہ نشہ آور چیزیں ہم ختم کر سکیں، تو یہ چیزیں ہم کر رہے ہیں Already اور میں چاہوں گا کہ مفتی صاحب اگر چاہتے ہیں تو کسی وقت ہمارے ڈیپارٹمنٹ میں تشریف لے آئیں، ان کو ہم بریفنگ دیتے ہیں اس پہ کہ ہائرایجوکیشن کوالٹی ایشورنس کیلئے کیا کیا چیزیں Proposed ہیں، کیا کیا ہو چکی ہیں، کیا

کیا کر رہے ہیں اور یہ یونیورسٹیاں اور کالجز دونوں کو ہم اس لائن میں لیتے ہیں۔ کالجز چونکہ ڈائریکٹ ہمارے انڈر ہوتے ہیں، ہم نے ان کے ایڈمشنز آن لائن کر دیئے، پورے صوبے میں آپ سفارش پہ ایک داخلہ نہیں لے سکتے ہیں آج، یہ ہم نے کیا ہے، آپ کے گورنمنٹ کالج پشاور میں یہ سیٹیں بکا کرتی تھیں، آج Totally on merit ہیں، یہ اس پی ٹی آئی حکومت کی وجہ سے On merit ہیں تو ہم ان کو بریفنگ دینے کو تیار ہیں جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، جی۔ مولانا مفتی غفور صاحب!

مولانا مفتی فضل غفور: ٹھیک ہے میڈم! بس مجھے صرف حیرت اس بات پر ہے کہ منسٹر صاحب فرما رہے ہیں کہ ہمارا سسٹم بہتر ہوتا جا رہا ہے اور Ranking وہ گرتی جا رہی ہے، مجھے اس چیز کی سمجھ نہیں آ رہی ہے۔ اگر ہمارا سسٹم بہتر ہوتا جا رہا ہے پھر چاہیئے تو یہ تھا کہ ہماری Ranking بھی بڑھ جاتی، Ranking میں ہم پیچھے ہٹتے جا رہے ہیں، گرتے جا رہے ہیں، سسٹم بہتر ہوتا جا رہا ہے، کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا ہے۔ بس ٹھیک ہے جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں ریکویسٹ کروں گا، مفتی صاحب کیلئے میڈم! آپ کی وساطت سے کہ یہ ساری پیچھے کی Ranking ہے اور وہی لوگ تھے، ان شاء اللہ تحریک انصاف دوبارہ اقتدار میں آئے گی اور تین چار سال بعد آپ یہیں کھڑے ہو کے مجھ سے یہ سوال کر لیں، اس وقت یہ Ranking ان شاء اللہ بہتر ہو چکی ہو گی۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی بابک صاحب، ضمنی دے بابک صاحب!----

جناب سردار حسین: شکریہ میڈم! دا خو زما ضمنی هم وو، میرا ضمنی بھی سوال ہے-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب!

جناب سردار حسین: مشتاق غنی صاحب کیلئے اردو میں بات کر لوں گا۔ مشتاق غنی صاحب سے آنریبل ممبر ایک کوسچن پوچھ رہے ہیں اور جواب میں Repeatedly ماضی، ماضی، ماضی، میرے خیال میں منسٹر صاحب کو یہ ذہن میں رکھنا چاہیئے کہ اب آپ لوگ بھی ماضی بن گئے ہو ماضی، دو مہینے آپ کے رہ گئے ہیں دو مہینے، (تالیاں) تو پانچ سال حکومت کر کے بھی آپ پانچ سال یہ ورد کرتے رہے ہو

کہ ماضی، ماضی، ماضی، ماضی۔ انہوں نے پوچھا ہے کہ 1947 سے لیکر 2002 تک صوبے میں کتنی یونیورسٹیاں بنی ہیں، اس کا جواب نہیں ہے، پھر وہ Ranking کا پوچھ رہے ہیں Ranking کا، اب آپ کو جواب دینا چاہیئے، آپ تو Simply سارا بوجھ جو ہے، ساری ذمہ داری یونیورسٹیوں پر ڈال رہے ہو، پھر آپ کی کیا ذمہ داری ہے؟ پانچ سال آپ حکومت میں رہے ہو اور آپ جواب میں یہ کہہ رہے ہیں کہ چھ مہینے اس وائس چانسلر کے ہو گئے، پانچ سال آپ لوگ کدھر تھے؟ پانچ سال جب 2013 میں آپ حکومت میں آئے تب بھی آپ لوگوں کو وائس چانسلرز لگانے چاہیئے تھے۔ آج کم از کم جس طرح ابھی آپ کہہ رہے ہو کہ پانچ چھ سال میں اس کے ثمرات آئیں گے تو پانچ سال میں اگر ثمرات نہیں آئے تو آئندہ پانچ سالوں میں لوگ اسلئے انتظار کریں گے کہ پانچ سال آپ دھرنوں میں Busy تھے، آپ گالیاں دینے میں Busy تھے، آپ اپنے مخالفین پر کیچڑ اچھالنے میں Busy تھے، تو برائے مہربانی ہمیں یہ موقع نہ دیں، ہم نہیں اٹھیں گے، ہم بات نہیں کریں گے، بار بار یہ کہتے ہیں کہ نوکریاں بکتی تھیں، وائس چانسلرز کی یونیورسٹیاں بنی تھیں، یہ ہو رہا تھا، وہ ہو رہا تھا، بھئی یہ کام آپ چھوڑیں، اپنا بتائیں کہ آپ لوگوں نے کیا کیا ہے؟

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جی منسٹر صاحب! منسٹر صاحب کو Answer دینا دیں پھر آپ، منسٹر صاحب، مشتاق غنی!

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: ؎ وہ اور ہوں گے جو ہوں گے تیری راتوں کے چراغ
اے وطن ہم تیری راتوں کا سویرا ہوں گے

وہ وائس چانسلرز سارے گروپ، فرینڈز گروپ کے وائس چانسلرز تھے جنہوں نے یونیورسٹیوں کا بیڑا تباہ کر دیا تھا، ہم اب جو وائس چانسلرز لائے ہیں، وہ ان شاء اللہ آپ کو پرفارمنس جیسا ابھی کہا ہے کہ مردان کی کیا حالت تھی اور ہم بریڈ فوڈ یونیورسٹی سے بندہ اٹھا کے لے آئے وہاں پہ، جس نے بالکل آ کے Tight کر دیا اس یونیورسٹی کو، آپ اس یونیورسٹی میں جائیں میڈم! وہاں ہر چیز سرخ، سرخ، سرخ، یہ کسی پارٹی کی یونیورسٹی نہیں تھی، اس صوبے کی یونیورسٹی تھی، خود انہوں نے Politicized کر دی، جہاں یہ چیزیں ہوں کہ چوکیداروں نے بھی سرخ ٹوپی اور سرخ یونیفارم پہنا ہو، جھنڈا بھی سرخ لگا ہو تو یہ یونیورسٹیاں نہیں ہوتیں، اب یونیورسٹیاں ٹھیک ہوں گی اور بابک صاحب! میں آپ کو یہ عرض کروں کہ ہم ماضی نہیں ہوئے، ہمارا روشن حال ہے اور روشن مستقبل ہو گا ان شاء اللہ۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Okay, thank you. Next Question-----

جناب عبدالستار خان: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، اب Next Question پہ جاتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی سپلیمنٹری، جعفر شاہ صاحب! ستاسو نہ مخکښې دا ستار صاحب دے، ستاسو نہ مخکښې ستار صاحب۔ بھئی پلیز ذرا ٹائم کم لیا کریں، کوئسچنز بہت زیادہ ہیں، جی۔

جناب عبدالستار خان: میڈم! آپ کی مہربانی۔ مشتاق غنی صاحب، ہائر ایجوکیشن منسٹر صاحب نے بڑی عالمی Ranking کی بات کی ہے ہماری یونیورسٹیز کی، میڈم سپیکر! یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ جب ہم سابق حکومتوں کا اور موجودہ حکومت کا تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں کہ سابق حکومت میں اس صوبے میں نو یونیورسٹیز بنی تھیں، ایک سو کالجز بنے تھے، ایک ہزار سکولز بنے تھے اور ان میں پوسٹیں بھی آئی تھیں جو ہمارے سامنے ہیں، یہ عالمی Ranking کی بات کرتے ہیں، میں چیلنج کرتا ہوں میڈم سپیکر! کہ مجھے اس خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی اس Regime میں یہ مجھے دکھائیں عملی طور پر کہ اس خیبر پختونخوا میں چار سال میں ایک سکول بن کر کمپلیٹ ہوا ہو، ایک کالج بن کر کمپلیٹ ہوا ہو، ایک یونیورسٹی بن کر کمپلیٹ ہوئی ہو تو پھر تو بات کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے ہماری۔۔۔۔۔

جناب محمود جان: میڈم! میں جواب دیتا ہوں اس کا۔

جناب عبدالستار خان: (جناب محمود جان سے) ذرا حوصلہ رکھو، حوصلہ رکھو، حوصلہ رکھو۔ میڈم سپیکر! یہ ایک تاریخی حقیقت ہے، اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ انہوں نے چار سالوں میں ایجوکیشن میں، چاہے ہائر ایجوکیشن ہے یا ایلیمنٹری یا سیکنڈری ہے، ہماری جتنی بھی Proposed آمبریلا سکیمیں، جو سکولز تھے، آج تک ان کے پی سی ون نہیں بن سکے، آج تک ان کی Approval نہیں ہو سکی ہے 2014 کی سکیموں کی، کیسے یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ، لہذا میں گزارش کروں گا کہ اس بات پر مزید ڈیبیٹ ہونی چاہیئے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، جی۔ عاطف خان اینڈ شاہ فرمان۔

جناب عبدالستار خان: میڈم! میری بات سن لیں میڈم سپیکر! میں آج Rule 48 کے تحت 'ڈیٹیلڈ' بحث کیلئے نوٹس دیتا ہوں۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): بہت شکریہ میڈم! میں ذرا۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی جی۔

(شور)

Madam Deputy Speaker: Order in the House, please.

وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم: جی، میڈم! سب سے پہلی بات کہ ممبر صاحب نے بات کی Number of Universities and Colleges یا Number of schools کے بارے میں کے بارے میں، پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ اس دن ان کے نواز شریف صاحب جب آئے تھے تو جلسے میں انہوں نے کہا کہ جی کہاں ہیں سکول، ہمیں تو نظر نہیں آرہے، پھر وہ مریم بی بی اٹھیں تو انہوں نے کہا کہ جی ایک سکول بھی نہیں بنا، میں نے اس دن پروگرام میں لسٹ دکھائی اور وہ میں ان کو بھی دے دوں گا اور ڈاکٹر معید پیرزادہ کے ساتھ، میں نے ان کے ساتھ، اس کے پاس لسٹ چھوڑی کہ یہ آپ کے پاس امانت ہے، 843 سکولز Brand new بنے ہیں، 843 سکولز Brand new، 1500 سکولز۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سکولز ہم یہاں اسمبلی میں نہیں لا سکتے، آپ کو دکھادیں گے، آپ حوصلہ کریں نا، حوصلہ کریں۔۔۔۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: پلیز جواب سنیں، آپ ذرا سن لیں پھر بات کرلیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: 1500 سکولوں کی اپ گریڈیشن ہوئی ہے 1500 سکولوں کی، ٹوٹل ساڑھے چوبیس سو سکولز کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولز ملا کر، اور 480 سکولز ایسے تھے جو کہ پرانی گورنمنٹ میں بند تھے کسی بھی وجہ سے دس سال، پانچ سال، بیس سال، 480 سکولز دوبارہ سے فنکشنل ہوئے ہیں، نان فنکشنل سکولز فنکشنل ہوئے ہیں، یہ ٹوٹل ملا کر تقریباً تین ہزار سکولز بنتے ہیں، اب یہ اگر کہتے ہیں لسٹ ان کو چاہیئے، میں ان کو لسٹ دے دوں گا لیکن ان کی مہربانی ہوگی کہ، پھر کہتے ہیں کہ مجھے کیوں نکالا؟ اب آپ کو کسی چیز کا پتہ نہیں ہے، آپ کو کسی چیز کا پتہ نہیں ہے اور آپ کو جب کوئی بتاتا ہے تو آپ سننے کو تیار نہیں ہیں تو پھر آپ کے ساتھ ہم کیا کریں کہ جی کہاں ہیں وہ تین سوڈیمز؟ تو میں نے کہا یہ میں رائیونڈ لے کر آؤں آپ کے پاس وہاں تین سوڈیمز؟ آپ آئیں وہاں پر، ہم آپ کو دکھا دیتے ہیں، یہ

جتنے ممبرز ہیں، ان کو میں دکھا دیتا ہوں 843 سکولز، 1500 سکولوں کی اپ گریڈیشن اور 480 سکولز، نان فنکشنل سکولز، بند سکولز اس گورنمنٹ میں دوبارہ چالو ہوئے ہیں، اس میں ایجوکیشن چل رہی ہے۔ اس کے علاوہ جو اکثر سننے میں آتا ہے کہ جی اتنے Number of Schools بنے یا اتنے، دیکھیں کہ جس سکول میں ٹیچر نہ ہو، جس سکول میں Facilities نہ ہوں تو وہ تو سکول نہیں ہے، وہ تو ایک بلڈنگ ہے۔ اب ایسی بہت سی بلڈنگیں تھیں جن میں ٹیچر نہیں تھا، جن میں فرنیچر نہیں تھا، جن میں بجلی نہیں تھی، جس میں باتھ رومز نہیں تھے، ان بلڈنگز کو ہم نے سکول بنایا ہے، پہلے صرف بلڈنگیں تھیں، ان کو سکولز بنایا ہیں اور بابک صاحب جو بات کر رہے ہیں کہ جی یونیورسٹی میں کچھ نہیں ہوا اور یہ الزام لگا رہے ہیں، یہ میں نہیں کہہ رہا، ولی خان یونیورسٹی میں نیب کے تیرہ کیسز چل رہے ہیں، ہم نے نہیں بنائے، تیرہ کیسز اس پر Illegal appointments کے، Financial corruption کے، جو آپ سوچ سکتے ہیں جو گند ہو سکتا ہے، وہ وہاں پر ہوا اور اس کے خلاف وہاں پر کیسز چل رہے ہیں، میں نہیں کہہ رہا یہ نیب سے آپ ریکارڈ منگوالیں، وہ آپ کو بتادے گا۔ پھر کہتے ہیں کہ جی ہم نے اتنی یونیورسٹیاں بنائیں، تو یونیورسٹیاں اسلئے آپ نے بنائیں کہ وہاں پر آپ اپنی پارٹی کے ورکروں کو بھرتی کریں، یونیورسٹیاں اسلئے آپ نے بنائیں کہ وہاں پر کروڑوں روپے کی کرپشن ہو، میرے خیال میں یونیورسٹیاں اس وجہ سے نہیں بنی چاہئیں۔ جو موجودہ یونیورسٹیاں ہیں، ان کو اگر ہم ٹھیک کرلیں تو یہ بھی بہت زبردست کام ہوگا۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: میرا خیال ہے جی، شاہ فرمان اینڈ بابک صاحب! ایک کوئسچن میں کرتی ہوں کہ یہ سوال 5722 بابک صاحب کے کہنے کے مطابق نوٹس دے دیا ہے کہ باقاعدہ Like it should be for discussion، تو اگر ڈسکشن کیلئے ہم لے لیں تو پھر تو I think کہ اب آج ڈسکشن نہیں کریں۔

<u>جناب سردار حسین</u>: میڈم! میں اس کا جواب دینا چاہتا ہوں، بہت مختصر۔۔۔۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: نو ډسکشن غواړئ په دې باندې نوټس خو۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین</u>: میڈم! بس ایک منٹ، میں جواب دوں گا۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: چلیں، ایک منٹ لے لیں، اوکے۔ بلہ ورځ به ایږدو په دې ورځ خو ډسکشن نشی کیدې کنه۔

<u>جناب سردار حسین</u>: شکریہ میڈم سپیکر۔ دیکھیں میں تو ابتدائی دن سے ہی یہی ریکویسٹ کرتا رہا ہوں حکومتی وزراء سے کہ جو بھی وزیر اٹھتا ہے تو ایسا تاثر مل رہا ہے کہ شکر ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت آئی،

ایڈورڈ کالج آپ لوگوں نے بنایا، قلعہ بالاحصار آپ لوگوں نے بنایا، لیڈی ریڈنگ ہسپتال آپ لوگوں نے بنایا، پشاور یونیورسٹی آپ لوگوں نے بنائی، یعنی یہ تاثر انتہائی غلط ہے، یہ کہنا کہ آپ لوگوں نے کچھ نہیں کیا، یہ بھی غلط ہے لیکن یہ بار بار اٹھنا اور یہ تاثر دینا کہ ماضی میں، ماضی میں، ماضی میں بڑے بڑے نام ہیں، بڑے بڑے نام ہیں صوبے کے۔۔۔۔۔

جناب محمود جان: معصوم شاہ، معصوم شاہ۔

جناب سردار حسین: وہ جہانگیر ترین سے اتنا، وہ جہانگیر ترین سے بڑا نہیں ہے، معصوم شاہ جہانگیر ترین سے بڑا نہیں ہے، پانامہ میں، پانامہ میں اے این پی کے کتنے لوگ ہیں اور جو خود کو فرشتے کہتے ہیں، ان کے کتنے لوگ ہیں، یہ ذرا بتائیں۔۔۔۔۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): یہ سب کچھ ریکارڈ پر ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، یہ شاہ فرمان۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: بالکل سارا کچھ ہے، مجھے موقع، میڈم! نہیں اس طرح نہیں چلے گا، دیکھیں اس ماحول کو اگر آپ لوگ خراب کروگے تو پھر یہ یاد رکھیں، یاد رکھیں اس صوبے کی یہ روایت ہے، میڈم! یہ Matter نہیں کرتا کہ کون حکومت میں ہے اور کون اپوزیشن میں ہے، ہونا یہ چاہیئے کہ 'ٹو دی پوائنٹ' بات ہو تو میرے خیال میں ماحول خراب نہیں رہے گا، لہذا اسی چیز پر اکتفاء کرتے ہیں، یہ Matter ہی نہیں کرتا کہ ہم یہاں پر پانچ لوگ بیٹھے ہیں اور آپ لوگ اکثریت میں ہیں، یہ ذہن میں رکھیں۔ میرے خیال میں یہ ماحول خراب نہ کریں ماحول خراب نہ کریں، جو کچھ آپ لوگ کر رہے ہو Definitely اس کا کریڈٹ لے لیا کرو لیکن اپنی کارگزاری سے زیادہ تنقید سے ہٹ کر تذلیل پر اگر آپ اتروگے تو میرے خیال میں اس سے سخت جواب آپ کو ملے گا، یہ میں بتاؤں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، شاہ فرمان اور اس کے بعد میں یہ کو ئسچنز بند کروں گی۔ شاہ فرمان!

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: شکریہ میڈم سپیکر۔ جو معاملہ زیر بحث ہے، ہر گورنمنٹ کی اپنی پالیسی ہوتی ہے، اگر سکول کے اوپر اعتراض ہے کہ سکول نہیں بنے تو چالیس ہزار ٹیچرز بھرتی ہوئے اور سترہ ہزار مزید بھرتی ہونے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ستاون ہزار ٹیچرز شارٹ تھے تو سکولز موجود نہیں تھے بلڈنگز موجود تھیں، جس طرح منسٹر صاحب نے بات کی، ایک ہزار سے اوپر لیکچررز بھرتی ہوگئے، ایک ہزار سے اوپر لیکچررز بھرتی ہوگئے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر اس خیبر پختونخوا کے اس چھوٹے صوبے میں اگر

ایک ہزار لیکچررز کم ہیں تو بلڈنگز کا تو ہم شاید کہہ سکیں کہ بلڈنگز بنی ہوں شاید بلڈنگ بھی نہ بنی ہوں، کرائے کی بلڈنگ میں کوئی یونیورسٹی بنی ہو لیکن اس کو میں کبھی یونیورسٹی نہیں کہتا کہ اگر اس کے اندر پورے صوبے میں ہزار سے زیادہ ٹیچرز کم ہوں۔اسی طرح آپ کہہ سکتے ہیں کہ آر ایچ سیز یا ہاسپیٹلز نہیں بنے لیکن اگر ساڑھے تین ہزار ڈاکٹرز شارٹ ہوں تو آپ ڈاکٹر صاحبہ! آپ نہیں کہہ سکتیں کہ ہاسپیٹلز بنے ہیں، ہماری پالیسی یہ ہے، حالانکہ جو کرنٹ سائیڈ پر ہمارا بجٹ چلا گیا، ترقیاتی بجٹ کم ہو گیا کرنٹ پر چلا گیا لیکن جس کے اوپر عوام کا پیسہ خرچ ہو گیا تھا اس کو فنکشنل بنانے کیلئے ہم نے نیک نیتی سے کام کیا اور آج میں بابک صاحب سے عرض کرتا ہوں کہ اگر کہیں آپ نے سکول بنائے یا اگر آپ نے یونیورسٹی بنائی تو آپ کے بنائے ہوئے سکولز Statistical detail تو منسٹر صاحب نے آپ کو دے دی، آپ کی بنائی ہوئی یونیورسٹی کو ہم نے یونیورسٹی بنایا، آپ کے بنائے ہوئے سکول کے اندر ہم ٹیچر لے کر گئے ہیں، آپ کے بنائے ہوئے ہاسپیٹلز کے اندر ہم ڈاکٹرز لے کر گئے ہیں، تو لہذا جو ہمارے اوپر Burden تھا، اب ڈویلپمنٹل کام کی حیثیت سے آپ دیکھ لیں کہ کرنٹ سائیڈ کے اوپر کتنا بجٹ خرچ ہو گیا اور اس سے ہم کتنا ڈویلپمنٹل کام کر سکتے تھے، لہذا فرق صرف یہ ہے کہ نمبر گیم نہیں ہے، اس کے باوجود ساڑھے آٹھ سو سکولز منسٹر صاحب نے آپ کے سامنے بات رکھ دی، مقصد یہ ہے کہ اگر قوم کا پیسہ کسی بھی ادارے کے اوپر خرچ ہوا ہے تو اس کو وہ ادارہ بنانے میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے اپنا Role ادا کیا ہے۔ شکریہ میڈم سپیکر۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Thank you, thank you. Next Question, Aamna Bibi, Aamna Sardar, Aamna Sardar, please-----

<u>جناب جعفر شاہ</u>: میڈم! ما ھم خبرہ کول غوښتل۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: یہ 'کوئسچنز آور' ختم ہو جائے، لوگوں کے کوئسچنز رہ جائیں گے، آمنہ سردار، 5724۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: شکریہ میڈم، 5724، میرے پاس 5733 کھلا ہوا ہے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

* 5724 _ <u>محترمہ آمنہ سردار</u>: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کی مختلف یونیورسٹیوں میں ملاکنڈ ڈویژن کے طلباء کیلئے وفاق اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے فیس معافی کا اعلان کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن کے طلباء و طالبات کو فیس واپس کی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو 2013 سے لے کر اب تک پشاور یونیورسٹی میں جن طلباء و طالبات کو فیس واپس کی گئی ہے، ان کے نام بمعہ ڈیپارٹمنٹ اور طلباء و طالبات کو واپس شدہ فیس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، پشاور یونیورسٹی کو وفاقی حکومت کی جانب سے فیس معافی کا اعلان کیا گیا ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن کے طلباء و طالبات کو فیس واپس کی گئی ہے۔

(ج) تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

محترمہ آمنہ سردار: جی میڈم! شکریہ میڈم۔ میڈم! میں نے یہ سوال کیا تھا کہ صوبے کی مختلف یونیورسٹیوں میں ملاکنڈ ڈویژن کے طلباء و طالبات کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے فیس معافی کا اعلان کیا گیا تھا، انہوں نے کچھ ڈیٹیلز دی ہیں لیکن میڈم! اس میں کچھ میرے اعتراضات ہیں۔ تمام طلباء کو فیسیں واپس نہیں ہوئیں تو یہ اگر کمیٹی کو ریفر ہو جائے تو ذرا وہاں پر آرام سے بات اس پر ہو سکے گی کیونکہ یہ بہت Important ہے، بہت سارے سٹوڈنٹس ہمارے ساتھ تھے، انہوں نے کہا کہ بالکل یہ فیسیں واپس نہیں ہوئیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم! یہ جو میری بہن نے بات کی ہے، یہ Reimbursement of fee کا جو سلسلہ تھا، یہ جنوبی اضلاع کیلئے تھا اور ایک کالا ڈھاکہ کیلئے اور ملاکنڈ ڈویژن کیلئے تھا اور یہ ساری یونیورسٹیوں میں اس کیلئے تھا اور ان سب کو Reimbursement ہوئی ہے جو کہ ان علاقوں سے تعلق رکھتے تھے اور جن کا یہ حق بنتا تھا، میرے پاس وہ ریکارڈ ہے اور وہ ریکارڈ ہم نے Submit کر دیا ہے، اگر میری بہن کے پاس کوئی ایسے نام ہیں جو یہ سمجھتی ہیں کہ وہ ان کو Reimbursement نہیں ہوئی تو مجھے وہ لسٹ دے دیں، ہم ان کو پہلے تو Inquire کر لیں گے اس یونیورسٹی سے کہ کیوں نہیں دے دی گئی؟ اور یا وہ Fake ہے، اگر واقعی نہیں دیا گیا تو ہم ان کو دلائیں گے جو ان کا حق ہے۔ اگر باقی بچوں کو مل سکتا ہے اور ان کو نہیں مل سکا، Sometimes due to some clerical mistakes بھی ہو سکتا ہے کسی یونیورسٹی سے اور یہ زیادہ کیسز ہوں گے نہیں، شاید ان کے

پاس کوئی دو چار پانچ دس کیسز ہیں تو مجھے بتادیں، ادھر وہ ساری یونیورسٹیوں والے آئے ہوئے ہیں اور میں یہیں ان سے ان کی بات کروا دیتا ہوں تاکہ ان کو بھی وہ پیسے ملیں جو باقیوں کو ملے ہوئے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی تھینک یو۔ آمنہ بی بی! آپ کے پاس جتنے نام ہیں، وہ منسٹر صاحب کے پاس لے جائیں پھر۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم! جعفر شاہ صاحب کے پاس وہ تمام ناموں کی لسٹ ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کن کے پاس؟

محترمہ آمنہ سردار: میڈم! جعفر شاہ صاحب کے پاس۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب کے پاس، جی جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: تھینک یو میڈم سپیکر، ٹائم دے دیا آپ نے آخر کار۔ اس طرح ہے کہ یہ میں میڈم کا مشکور ہوں کہ اس میں کافی مسائل آرہے ہیں اور ہمارے ساتھ رابطہ کر رہے ہیں سٹوڈنٹس، سب کو یہ نہیں مل رہا، تو میں بھی Endorse کرتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ ہم اس کو ڈیٹیل ساتھ، Through out ہم اس کو دیکھ لیں اور جہاں پر کمی ہے اس کو پورا کریں۔ ایک اور میری گزارش مشتاق غنی صاحب سے یہ ہوگی میڈم سپیکر! کہ جو فضل غفور صاحب نے کہا کہ تعلیمی معیار یقیناً گر رہا ہے اور ہماری پوزیشن پانچویں تک پہنچی ہے Ranking میں، پاکستان میں ہم آزاد کشمیر سے بھی پیچھے ہیں، میں دو باتیں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو کہتے ہیں یہ کہ میرٹ پر سلیکشن ہوئی اور سرچ کمیٹی نے سلیکشن کی تو ہائی کورٹ نے کیوں ان پر اعتماد کا اظہار نہیں کیا اور ان کے اسلامیہ کالج یونیورسٹی کے پروفیسر کو، لیکچرر کو، وائس چانسلر کو انہوں نے کہا کہ غلط ریکروٹمنٹ ہوئی ہے۔ دوسری بات، باچا خان یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے خلاف ایسے الزامات آرہے ہیں کہ میں یہاں اس فورم پر ڈسکس نہیں کر سکتا اور وہ بالکل ان کے عدالت میں کیسز چل رہے ہیں، ان کے اسلام آباد ہائی کورٹ میں کیسز چل رہے ہیں تو کیا یہ میرٹ ہے میڈم! یہ ذرا وضاحت کر دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ مشتاق غنی صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! میں صرف اسی سپلیمنٹری کا جواب دینے کا پابند ہوں جو اس کوسچن سے Related ہے۔ اس کوسچن میں مسئلہ ہے فیسوں کا تو اس کے بارے میں کوئی چیز ہے تو وہ مجھ سے پوچھیں اور اگر کوئی اور چیز انہوں نے کسی یونیورسٹی کے بارے میں پوچھنی ہے تو اس کیلئے نیا کوسچن دے

دیں کہ ہم کر لیں اور اس کا جواب بھی آ جائے گا، آپ کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا۔ آپ نے باچا خان یونیورسٹی کے بارے میں بات کی ہے، اگر آپ کے پاس ایسے کوئی ثبوت ہیں جو کہ ہم تو ڈھونڈتے رہتے ہیں کہ ہمیں ثبوت ملے، اگر اس کے پاس کوئی چیز ہے، ہم فوراً انکوائری کریں گے اور میں آپ کو ایشورنس دیتا ہوں کہ ہم سمری موو کرنے میں ایک منٹ کی تاخیر نہیں کریں گے اور Remove کریں گے، اگر کوئی ایسا بندہ آ گیا ہے کسی یونیورسٹی کے اندر، تو ثبوت ہونا چاہیئے بہر کیف یہ ثبوت نہیں ہوتا، بعض اوقات وہیں سے لیکچررز اٹھتے ہیں، کسی کی اپوائنٹمنٹ نہیں ہو سکتی، وہ وی سی کے خلاف ایک لمبی چیزیں لے کر آ جاتے ہیں، کسی سٹوڈنٹ کا کوئی ایشو ہوتا ہے، وہ وی سی کو ٹارگٹ کرنا شروع کر دیتا ہے، تو جو کوسچن ہے تو اس کا جواب آپ کو مل گیا، اگر نام آپ کے پاس ہے تو ابھی میرے ساتھ یونیورسٹی آف پشاور کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ابھی آپ ان کو یہیں پر ہم ان کو Reimbursement کرواتے ہیں باقی Politics ہیں تو Politics، Politics کے ساتھ چلے گی۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: میڈم! آج میرے خیال میں مشتاق غنی صاحب زیادہ سیاست کرنے کے موڈ میں ہیں، جواب دینے کے موڈ میں نہیں ہیں۔ جس طریقے سے وہ بات کر رہے ہیں، آج لگ رہا ہے کہ وہ سیاست کر رہے ہیں تو ہم یہاں سیاست کرنے نہیں کھڑے ہوئے ہیں، ہم یہاں پر Issues resolve کرنے کیلئے کھڑے ہوئے ہیں اور یہ بہت غلط طریقہ ہے، جس طریقے سے وہ بات کر رہے ہیں، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے جواب دینے کا۔ ہم Issues resolve کرنے کیلئے کھڑے ہوئے ہیں، ملاکنڈ میرا علاقہ نہیں ہے، اس کے باوجود میں کوسچن لیکر آئی ہوں کہ یہ مجھے سٹوڈنٹس نے Approach کیا ہے اور کوئی دو چار سٹوڈنٹس نے Approach نہیں کیا، تو یہ کوئی طریقہ نہیں ہے ہمیں اس طرح جواب دینے کا، (مداخلت) نہیں، آپ سیاست کی بات کر رہے ہیں۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: آپ مجھے بتا دیں کہ جو نام ہیں، ہم پشاور یونیورسٹی والے بیٹھے ہوئے ہیں، ہم ان کو یہی پر Reimbursement کرواتے ہیں اور انکوائری بھی کرتے ہیں کہ ان کو کیوں نہیں ملا؟ اب آپ کو Satisfy، میں نے آپ کی بات کے اوپر بات نہیں کی، میں نے جعفر شاہ صاحب کی بات کے اوپر بات کی ہے کہ بھئی جب ایک چیز کا جواب آ رہا ہے، اب انہوں نے ایک نیا کوسچن چھوڑ دیا ہے، آپ تو Relevant Question کے اوپر بات کر رہی ہیں۔ آپ مائنڈ نہ کریں، جعفر شاہ صاحب سے میں نے

بات کی کہ کو ئسچن اگر اور کوئی آپ نے کرنا ہے باچاخان (یونیورسٹی) کا یا دوسرا، تو آپ نیا کو ئسچن لے کے آ جائیں، آپ کی بات نہیں ہو رہی ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم سپیکر! یہ کمیٹی کو ریفر ہونا چاہیئے، اس میں آپ کو ثبوت بھی ملیں گے، اس میں آپ کے سٹوڈنٹس بھی آئیں گے باقاعدہ ہم کو جن سٹوڈنٹس نے Approach کیا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق غنی صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی، ٹھیک ہے۔

Madam Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Ji, next Question,

آمنہ بی بی! آپ کا ہی ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: جی شکریہ، میڈم۔ میڈم! میں نے یہ کو ئسچن کیا تھا، اس کا جواب کافی Detailed جواب ہے، چونکہ آج ہی مجھے کو ئسچن دیکھنے کا اتفاق ہوا تو یہ کلیئر نہیں ہے، میرے پاس جو کمپیوٹر میں کاپی موجود ہے، یہ بالکل کلیئر نہیں ہے، تو اگر مجھے اس کی ہارڈ کاپی مل جائے تو میں گزارش کروں گی آنریبل منسٹر سے کہ وہ اس کو دوبارہ اگر کسی وقت لے لیں کیونکہ میرے پاس بالکل کلیئر کاپی نہیں ہے اور میں نہیں پڑھ سکتی اس کو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، اوکے۔

محترمہ آمنہ سردار: سر! پلیز اس کو دوبارہ، میں آپ سے ریکویسٹ کرتی ہوں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ٹھیک ہے۔

محترمہ آمنہ سردار: تھینک یو جی، بہت شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، نیکسٹ کو ئسچن، معراج بی بی! معراج ہمایون!

* 5726 _ محترمہ معراج ہمایون خان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف آرکائیوز ولائبریریز کی زیر نگرانی پشاور میں کوئی انٹرنیٹ کیفے قائم ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درست پتہ بتایا جائے؛

(ج) اس سہولت سے کتنے عوام خصوصاً خواتین مستفید ہو رہی ہیں؛

(د) اس سہولت پر ماہانہ کتنا خرچہ ہوتا ہے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) ڈائریکٹوریٹ آف آرکائیوز و لائبریریز پشاور۔

(ii) انٹرنیٹ سیکشن سے تقریباً 320 سے 400 مرد جبکہ 80 سے 120 خواتین ماہانہ بنیاد پر مستفید ہو رہے ہیں۔

(iii) مذکورہ سیکشن کا ٹیلیفون بل اور کمپیوٹر سٹیشنری خریداری کی مد میں ماہانہ خرچہ تقریباً -/6780 روپے جبکہ انٹرنیٹ سیکشن کو چلانے کیلئے کمپیوٹرز کی خریداری بجلی اور درکار عملہ (جو کہ ایک کمپیوٹر آپریٹر اور نائب قاصد پر مشتمل ہے) کی تنخواہوں کی ادائیگی کا خرچہ ریگولر بجٹ سے پورا کیا جاتا ہے۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مهربانی، میډم سپیکر! ما ته خو ډیره مسئله لګی، ریډنګ کول، یو خو دومره وړوکې پرنټ دے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دا کمپیوټر والا، Please help Meraj Bibi۔ دا لیټرز ورله لږ غټ کړئ، کمپیوټر والا څوک شته؟

محترمہ معراج ہمایون خان: زه دا انګلش کښې Read out کوم۔ میډم! زما اوریجنل کوئسچن په انګلش کښې وو، هغه دوئ Translate کړے دے، هغه سکرپټ ئے دومره وړوکې دے چې هغه کتلې نشي۔

Will the Minister for Higher Education state that:

(a) Has the Directorate of Libraries and Archives set up an internet café in Peshawar;

(b) If the answer is ‘Yes’, the exact location may be given;

(c) How many people especially girls benefit from the facility;

(d) Details of expenditure on management of the facility may be given?

میډم! دا دیکښې ئے ټول ګپ لګولے دے، هغه د Answer نه دا سې لګی چې There is nothing happening، هغه د دوئ خپله دا Responsibility ده، وائی چې دا Put on their website، ما د هغې نه دا کوئسچن اخستے دے And I don’t think that anything is happening. It’s a very important

issueځکه چې مونږه ټیکنالوجي پروموټ کوو، یو طرف ته مونږه وایو چې مونږه ټیکنالوجي پروموټ کوو او دلته کښې فنډز Available دي دوئ سره او Responsibility ورکړې شوې ده آرکائیوز له، نو آرکائیوز باندې داسې لګې چې نه څه مانیټرنګ کیږي د هائر ایجوکیشن سائیډ نه، مونږه خبرې کوو خو لائیبریریز او آرکائیوز هغه سیکشن چې کوم دے، هغه Totally neglected دے ځکه چې هسې هغه Expenditures کښې فګرز ئې ورکړي دي۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> جی مشتاق غنی!

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> میڈم! ان کے سوال کا بڑا کلیئر جواب اس میں موجود ہے کہ یہ جو ہمارا وہاں پر انٹرنیٹ کیفے قائم ہے آرکائیوز کے اندر، اس میں تین سو بیس سے چار سو کے قریب انہوں نے ڈیٹیل دی ہے کہ مرد حضرات آ کے مستفید ہوتے ہیں اور اسی سے ایک سو بیس تک خواتین اور دوسرا انہوں نے اس کا Expenditure پوچھا ہے، ان کو جواب دیا گیا کہ اس پر جو چھوٹا Expenditure ہے سٹیشنری، ٹیلیفون کالز وغیرہ، یہ -/6780 ہے باقی جو سٹاف کی سیلری ہے، وہ تو ان کو اس میں آتی ہے، ریگولر بجٹ سے آتی ہے، تو اگر یہ سمجھتی ہیں کہ یہ غلط ہے اور وہاں پر کام نہیں ہو رہا تو اس کو کوسچن کو پینڈنگ کر دیں اور آپ کل جا کے وزٹ کریں اور آپ دیکھیں کہ واقعی اگر غلط ہے تو بالکل اس کے بعد آپ کی مرضی ہے، آپ فلور پہ آ کے اس کا جواب دے دیں گی۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> جی، معراج بی بی!

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> یہ آپ اس کو خود Inspect کر لیں جا کے۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان:</u> تھینک یو میڈم۔ منسٹر صاحب نے Answers تو دیئے ہوئے ہیں، Answers تو موجود ہیں لیکن Answers جو ہیں، وہ بہت ہی Vague ہیں اور مفروضہ پر ہیں کہ تقریباً 240 سے 300، تو ان کے پاس کوئی سسٹم نہیں ہے کہ ایک بندہ آتا ہے، وہاں رجسٹرڈ کرتا ہے، کتنی Capacity ہے اس انٹرنیٹ کیفے کی، کتنے کمپیوٹرز رکھے ہوئے ہیں، کیا کچھ چارجز ہیں کہ نہیں ہیں؟، هغه نه دے، منسٹر صاحب خود ذرا Investigate کر لیں، خیر ہے میں Satisfied ہوں، منسٹر صاحب اس کو ذرا Investigate کریں اور یہ پھر سے کوسچن لے آئیں گے اور مجھے ذرا ڈیٹیل دے دیں، میں خود بھی کروں گی لیکن منسٹر صاحب۔۔۔۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> منسٹر صاحب، مشتاق غنی صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! ہم آپ کے ساتھ مل کر اس کا اکٹھے وزٹ کریں گے تاکہ اگر کوئی Deficiency ہے، ہم اس کو ٹھیک کر سکیں جو بھی ہے، موقع پر Decision کریں آپ، ٹائم رکھ لیتے ہیں، آپ اور میں دونوں وزٹ کر لیتے ہیں۔

